MICHIGAN MEDICINE

# مریض کے حقوق اور ذمہ داریاں
# Patient Rights and Responsibilities (Urdu)

**طبی ریکارڈ کی دستاویز نہیں ہے**
**NOT A MEDICAL RECORD DOCUMENT**

اپنی نگہداشت صحت کی ضروریات کے لیے Michigan Medicine کا انتخاب کرنے کا شکریہ۔ Michigan Medicine میں نگہداشت موصول کرنے والے مریض کے بطور، ہم آپ کی نگہداشت کے شروع میں ہی مریض کی حیثیت سے آپ کو حاصل حقوق کے بارے میں آپ کو بتانا چاہتے ہیں۔ ان حقوق میں دوسری چیزوں کے ساتھ با ادب اور قابل لحاظ معالجہ، آپ کی نگہداشت کے بارے میں فیصلوں میں آپ کو شامل کرنا، آپ کی معلومات صحت کے بارے میں رازداری، اور جو افراد آپ سے مل سکتے یا آپ کی نگہداشت میں شامل ہو سکتے ہیں انہیں نامزد کرنا شامل ہے۔

Thank you for choosing Michigan Medicine for your health care needs. As a patient receiving care at Michigan Medicine, we want you to know the rights you have as a patient early in your care. These rights include, among others, respectful and considerate treatment, involvement in making decisions about your care, privacy of your health information, and designating the individuals who can visit you or be involved in your care.

Michigan Medicine ایک متنوع جگہ ہے جو مساوات اور شمولیت کی ثقافت کی تائید کرتی ہے۔ یہ اقدار بروئے کار لانے کے لیے، ہم ہراسانی، امتیازی برتاؤ، اور بدسلوک رویے کو برداشت نہیں کرتے ہیں۔ Michigan Medicine کسی بھی مریض یا عملہ کی نسل، رنگ، ملکی بنیاد، عمر، ازدواجی حیثیت، جنس، جنسی رجحان، صنفی شناخت، صنفی اظہار، معذوری، مذہب، قد، وزن یا سابق فوجی کی حیثیت کی بنیاد پر مریضوں کے لیے عملہ تفویض نہیں کرتا ہے۔ دقیانوسی قسم کی خصوصیات پر مبنی مریض کی ترجیح کو خاطر میں نہیں لایا جائے گا۔ تاہم، جسمانی لحاظ سے جائز رازداری کی تشویشات کے مدنظر سہولیات دی جا سکتی ہیں۔

Michigan Medicine is a diverse place that endorses a culture of equity and inclusion. In order to reinforce these values, we do not tolerate harassment, discrimination, or abusive behavior. Michigan Medicine does not assign staff to patients on the basis of race, color, national origin, age, marital status, sex, sexual orientation, gender identity, gender expression, disability, religion, height, weight, or veteran status of either the patient or staff. A patient’s preference based on stereotyped characterizations shall not be honored. However, accommodations can be made for legitimate bodily privacy concerns.

## Michigan Medicine نگہداشت کے مرکز کی حیثیت سے مریضوں اور فیملیز کا لحاظ کرتی ہے۔
## Michigan Medicine honors patients and families as the center of care.

### قابل احترام نگہداشت تک رسائی
### Access to Respectful Care

نگہداشت صحت فراہم کنندگان مریض اور فیملی کے مطمح نظر اور پسند کو سنتے اور ان کا لحاظ کرتے ہیں۔ مریض اور فیملی کی جانکاری، اقدار، اعتقادات اور ثقافتی پس منظر کو نگہداشت کی منصوبہ بندی اور حوالگی میں ضم کیا جاتا ہے۔

Healthcare providers listen to and honor patient and family perspectives and choices. Patient and family knowledge, values, beliefs and cultural backgrounds are incorporated into the planning and delivery of care.

- آپ کے درج ذیل امور سے قطع نظر آپ کو ضروری نگہداشت موصول ہوگی:
  You will receive necessary care regardless of your:
  - نسل
    race

- ازداوجی حیثیت
  marital status
- جنسی رجحان
  sexual orientation
- معذوری
  disability
- قد یا وزن
  height or weight
- ازداوجی حیثیت
  veteran status
- جنس، صنفی شناخت اور صنفی اظہار
  sex, gender identity and gender expression
- رنگ
  color
- مذہب یا مسلک
  religion or creed
- ملکی بنیاد یا نسب
  national origin or ancestry
- عمر
  age

## Michigan Medicine میں مریض کی حیثیت سے آپ کو حق ہے کہ:
## As a Patient at Michigan Medicine, You Have the Right to:

- اگر آپ خاص ضروریات کے حامل فرد ہیں تو معقول سہولتیں موصول کریں۔
  Receive reasonable accommodations if you are a person with special needs.
- اپنے مذہبی اعمال کے لیے معقول سہولتیں موصول کریں۔
  Receive reasonable accommodations for your religious practices.
- سگریٹ نوشی سے پاک ماحول میں قابل لحاظ اور قابل احترام نگہداشت موصول کریں۔
  Receive considerate and respectful care in a smoke-free environment.
- ہسپتالوں یا نگہداشت صحت کے مراکز میں رہتے ہوئے اپنی خواہش کے مطابق کسی بھی شخص سے بات کریں الّا یہ کہ آپ کا نگہداشت صحت فراہم کننده یہ تعین کرے کہ یہ آپ کے طبی مفاد میں نہیں ہے۔
  Speak alone with anyone you wish while in the hospitals or health centers unless your health care provider determines it is not in your best medical interest.
- اپنی پسند کے کسی بھی شخص سے ملاقاتیں قبول یا مسترد کریں الّا یہ کہ ملاقاتی کی موجودگی سے آپ کے یا دوسروں کے حقوق، سلامتی یا صحت سے سمجھوتہ ہوتا ہو۔ اس میں فیملی ممبران، شریک حیات، گھریلو پارٹنر (بشمول ایک ہی جنس کے گھریلو پارٹنر) یا کسی دیگر قسم کے ملاقاتی شامل ہیں۔ آپ کو کبھی بھی ملاقات کی منظوری واپس لینے (منسوخ کرنے) کا حق ہے۔ اگر مریض نابالغ ہو تو، یہ حق والدین یا قانونی سرپرستوں کو حاصل ہوتا ہے۔
  Accept or refuse visits from anyone you choose unless the visitor's presence compromises yours or others' rights, safety or health. This includes family members, a spouse, a domestic partner (including a same-sex domestic partner) or any other type of visitor. You have the right to withdraw (cancel) a consent to visitation at any time. If the patient is a minor, it is the parents or legal guardians who have this right.
- مناسب تشخیص اور درد کا نظم و نسق موصول کریں۔
  Receive proper assessment and management of pain.
- ریکارڈنگز، فلمیں یا دیگر تصاویر پیش کیے جانے کی اجازت دیں یا منع کریں، الّا یہ کہ یہ شناخت، تشخیص یا علاج کے لیے ہو۔
  Give or refuse consent for recordings, photographs, films or other images to be produced, unless it is for identification, diagnosis or treatment.
- کسی بھی شکل میں ایسی بندش یا خلوت گزینی سے پاک ہوں جو طبی لحاظ سے ضروری نہ ہو۔
  Be free from restraint of any form or seclusion that is not medically necessary.

© 2023, The Regents of the University of Michigan.

- عملہ کی طرف سے اجبار (خوف میں مبتلا کرنا)، بلا وارنٹ تادیب یا انتقامی کارروائی سے پاک ہوں۔
  Be free from coercion (intimidation), unwarranted discipline or retaliation by staff.
- ذہنی، جسمانی، جنسی یا زبانی بدسلوکی، بے توجہی یا استحصال سے پاک ہوں۔
  Be free from mental, physical, sexual and verbal abuse, neglect and exploitation.
- اپنی پسند کے پادری سے بات کریں یا ملیں۔
  Speak or meet with clergy of your choice.
- حفاظتی اور وکالتی خدمات تک رسائی حاصل کریں۔
  Access protective and advocacy services.
- نگہداشت صحت سے متعلق فیصلہ سازی پر ایتھکس کمیٹی سے مشاورت کی درخواست کریں۔ درخواست کرنے کے لیے، ہسپتال کے پیجنگ آپریٹر سے 734-936-4000 پر رابطہ کریں اور ایڈلٹ ایتھکس کمیٹی یا پیڈیاٹرک ایتھکس کمیٹی کے مدنظر آن کال ایتھکس کنسلٹنٹ کو طلب کریں ۔
  Request an Ethics Committee consultation for guidance on health care decision making. To make a request, contact the hospital paging operator at 734-936-4000 and ask for the Ethics Consultant on call for the Adult Ethics Committee or Pediatric Ethics Committee.
- تخلیہ۔
  Privacy.

## نگہداشت کے فیصلوں میں شمولیت
## Involvement in Care Decisions

Michigan Medicine کے مریضوں اور فیملیز کو نگہداشت اور فیصلہ سازی میں جس سطح پر انہیں اطمینان ہو اس سطح پر شرکت کرنے کی ترغیب دی جاتی ہے۔ اسی طرح، مریض:

Michigan Medicine patients and families are encouraged to participate in the care and the decision-making at the level with which they are comfortable. As such, patients can:

- فیملی ممبر یا دیگر نمائندے کو اور خود اپنے معالج کو ہسپتال میں اپنے داخلہ سے مطلع کر سکتے ہیں۔
  Have a family member or other representative and your own physician notified of your admission to the hospital.
- اپنی تشخیص، صحت کی حالت، کیفیت، معالجہ، حالت مرض اور نگہداشت کے غیر متوقع عواقب کے بارے میں معلومات موصول کر سکتے ہیں۔
  Receive information about your diagnosis, health status, condition, treatment, prognosis and unanticipated outcomes of care.
- یہ جان سکتے ہیں کہ کون آپ کی نگہداشت کر رہا ہے اور ان کا پیشہ ورانہ عہدہ کیا ہے۔
  Know who is taking care of you and their professional titles.
- دواؤں کے محفوظ استعمال، طبی ساز و سامان، غذا اور دوا کے امکانی تعامل اور تغذیہ اور ترمیم شدہ خوراک سے متعلق مشاورت کے بارے میں تعلیم موصول کر سکتے ہیں۔
  Receive education about safe use of medications, medical equipment, potential food-drug interactions and counseling on nutrition and modified diets.

© 2023, The Regents of the University of Michigan.

- اپنے منصوبہ نگہداشت کی منصوبہ بندی، تکمیل اور جائزہ میں شامل ہو سکتے ہیں، جس میں Michigan Medicine سے آپ کے رخصت ہونے کے بعد درد کا نظم و نسق اور آپ کا منصوبہ نگہداشت شامل ہے۔
  Be involved in the planning, completion and review of your plan of care, including pain management and your plan of care for after you leave Michigan Medicine.
- معالجہ، بشمول اس معالجہ کے امکانی خطرات اور فوائد کو منظوری دینے کے لیے درکار معلومات موصول کر سکیں۔
  Receive the information needed to consent to a treatment, including the potential risks and benefits of that treatment.
- قانون کی رو سے مجاز حد تک معالجہ سے منع کر سکتے ہیں۔ آپ کے انکار کے ممنکہ نتائج پر آپ سے گفتگو کرنا ہماری ذمہ داری ہے۔
  Refuse treatment to the extent permitted by law. It is our responsibility to discuss with you the possible results of your refusal.
- نگہداشت صحت کے فیصلوں میں شرکت کر سکتے ہیں اور ہسپتال کے عملہ سے پیشگی رہنما ہدایات سے متعلق معلومات آپ کو فراہم کروا سکتے اور قانون کے مطابق اپنی خواہشات کی تعمیل کر سکتے ہیں۔
  Participate in health care decisions and have hospital staff provide you with information on advance directives and comply with your wishes in accordance with the law.
- معالجہ کی درخواست کر سکتے ہیں۔ تاہم، نگہداشت صحت کے بارے میں فیصلے کرنے کے آپ کے حق کا مطلب یہ نہیں ہے کہ آپ ایسے معالجے یا خدمات کا مطالبہ کر سکتے ہیں جو طبی لحاظ سے ضروری یا مناسب نہیں ہیں۔
  Request treatment. However, your right to make decisions about health care does not mean you can demand treatment or services that are not medically necessary or appropriate.
- آپ کی نگہداشت کے حصے کے بطور ہم جو طریق کار تجویز کرتے ہیں ان کے بارے میں معلومات موصول کر سکتے ہیں۔ آپ کو مسلسل نگہداشت تک اپنی رسائی کو جوکھم میں ڈالے بغیر تحقیق میں شرکت کرنے سے منع کرنے کا حق ہے۔
  Receive information about research procedures that we suggest as part of your care. You have the right to refuse to participate in research without risking your access to continuing care.

## آپ کے طبی ریکارڈز
## Your Medical Records

ہمارے نگہداشت صحت فراہم کنندگان مریضوں اور فیملیز کے ساتھ ایسے طریقوں سے مواصلت اور معلومات شیئر کر سکتے ہیں جو معاون اور مفید ہوں۔ اس کے علاوہ، آپ:

Our healthcare providers communicate and share information with patients and families in ways that are supportive and useful. In addition, you can:

- اپنا طبی ریکارڈ ایسے وقت میں دیکھ سکتے ہیں جو آپ اور عملہ دونوں کے لیے مناسب ہو۔ رخصت ہونے کے بعد آپ معقول فیس کے عوض اپنے طبی ریکارڈ کی کاپی کی درخواست اور اسے حاصل کر سکتے ہیں۔ اپنے طبی ریکارڈ کی کاپی کی درخواست کرنے کے لیے، ریلیز آف انفارمیشن یونٹ (Release of Information Unit) کو 734-936-5490 پر کال کریں۔
  See your medical record at a time suitable for both you and the staff. After discharge you may request and obtain a copy of your medical record for a reasonable fee. To request a copy of your medical record, call the Release of Information Unit at 734-936-5490.

© 2023, The Regents of the University of Michigan.

- اپنی تحفظ یافتہ معلومات صحت (protected health information, PHI) میں تبدیلیوں کی درخواست کریں۔ آپ کو یہ گزارش کرنے کا حق ہے کہ آپ کی معلومات باہر نہ دی جائیں۔ اپنے طبی ریکارڈ کی کاپی کی درخواست کرنے کے لیے، ریلیز آف انفارمیشن یونٹ (Release of Information Unit) کو 734-936-5490 پر کال کریں۔
  Request changes to your protected health information (PHI). You have the right to ask that your information not be given out. To make this request, contact the Release of Information Unit at 734-936-5490.
- اپنے ذاتی اور طبی دونوں ریکارڈوں کی رازداری، تخلیہ اور سیکیورٹی کی توقع رکھیں۔ ہم آپ کی PHI کا استعمال آپ کی اجازت کے بغیر کر سکتے ہیں جیسا کہ ہمارے رازداری کے طرز عمل کے نوٹس میں بیان کیا گیا ہے، مثلاً، آپ کی نگہداشت میں ہم آہنگی بنانے یا آپ کی بیمہ کمپنی کے پاس دعوی جمع کرانے کے لیے۔
  Expect confidentiality, privacy and security of your records, both personal and medical. We may use or disclose PHI without your permission as described in our Notice of Privacy Practices, for example, to coordinate your care or submit a claim to your insurance company.
- اپنے طبی ریکارڈوں سے متعلق مختلف اقسام کے دیگر حقوق حاصل ہو سکتے ہیں جن کی وضاحت Michigan Medicine کے رازداری کے طرز عمل کے نوٹس میں کی گئی ہے۔ آپ اس رازداری کے طرز عمل کے نوٹس کی کاپی پرائیویسی ڈائریکٹر سے 866-990-0111 پر رابطہ کر کے حاصل کر سکتے ہیں۔
  Have a variety of other rights related to your medical records that are explained in Michigan Medicine Notice of Privacy Practices. You may obtain a copy of the Notice of Privacy Practices by contacting the Privacy Director at 866-990-0111.

## نگہداشت یا خدمت کے بارے میں تشویشات
## Concern About Care or Service

Michigan Medicine مریضوں، فیملی ممبروں اور فراہم کنندگان کے بیچ باہمی شراکت کی قدر کرتی ہے۔ ہم اپنے مریضوں اور فیملیز کی باتیں سنتے ہیں تاکہ ہمیں معلوم ہو کہ ہم کس طرح اصلاح کر سکتے ہیں۔ ہمارا ارادہ اپنے مریضوں اور فیملیز کو نگہداشت صحت کی معلومات ایسے انداز اور شکل میں فراہم کرنے کا ہے جسے آپ سمجھ سکیں۔ ہم چاہتے ہیں کہ آپ محفوظ رہیں اور ہم جو بہترین طبی نگہداشت فراہم کر سکتے ہیں وہ آپ موصول کریں۔ ہم آپ سے یہ بھی جاننا چاہتے ہیں کہ Michigan Medicine میں رہتے ہوئے کیا کام اچھا ہوا، یا آپ کی نگہداشت کے بارے میں کس چیز میں اصلاح کی جا سکتی ہے۔ ہم اپنے مریضوں اور فیملیز کو ترغیب دیتے ہیں کہ:

Michigan Medicine values collaboration among patients, family members and providers. We listen to our patients and families to let us know how we can improve. It is our aim to provide our patients and families with health care information in a manner and form that you can understand. We want you to be safe and receive the best medical care that we can provide. We also want to hear from you about what went well, or what could have been improved about your care while at Michigan Medicine. We encourage our patients and families to:

- آپ کی نگہداشت یا خدمت کے سلسلے میں آپ کی جو کوئی تشویش ہو سکتی ہے اس کا اظہار کریں۔ ہم آپ کو درکار کسی مخصوص ضروریات سے آپ کی نگہداشت صحت ٹیم کو مطلع کرنے کی اور تشویشات یا شکایات کے بارے میں اس میں شامل افراد یا محکمہ سے مواصلت کرنے کی ترغیب دیتے ہیں۔
  Express any concerns you may have regarding your care or service. We encourage you to inform your health care team of any specific needs you have and to communicate concerns or compliments to the individuals or department involved.
- جو نگہداشت فراہم کی گئی یا جس کا منصوبہ بنایا گیا تھا اس کے بارے میں تکلیف دہ صورتحال یا الجھن کو شناخت کرنے کے لیے، یا اگر آپ کو کوئی حفاظتی تشویشات لاحق ہوں تو آواز اٹھائیں۔ قانونی سرپرستوں اور ملاقاتیوں کو بھی یہ حق ہے۔
  Speak up to identify uncomfortable situations or confusion about the care provided or planned, or if you have any safety concerns. Legal guardians and visitors also have this right.

© 2023, The Regents of the University of Michigan.

- اگر آپ کا نگہداشت صحت فراہم کنندہ آپ کی شکایات کو فوری طور پر حل نہیں کر سکتا ہے تو پیشنٹ ریلیشنز اینڈ کلینکل رسک (Patient Relations & Clinical Risk) کے پاس باضابطہ تحریری یا زبانی شکایت درج کرائیں۔ آپ پیشنٹ ریلیشنز اینڈ کلینکل رسک سے بذریعہ فون 877-285-7788 پر رابطہ کر سکتے ہیں۔ آپ 300 North Ingalls Street, Room 8A06, Ann Arbor, MI 48109-5478 کے پتے پر ہمیں لکھ بھی سکتے ہیں۔
File a formal written or verbal complaint with Patient Relations & Clinical Risk if your health care providers cannot promptly resolve your concerns. You can reach Patient Relations & Clinical Risk by phone at 877-285-7788. You may also write to us at 300 North Ingalls Street, Room 8A06, Ann Arbor, MI 48109-5478.

- آپ کی تشویش کو Michigan Medicine کی طرف سے آپ کے اطمینان کی حد تک حل کیا گیا ہے یا نہیں اس سے قطع نظر درج ذیل میں سے کسی تنظیم کے پاس شکایت دراج کرائیں:
File a complaint with any of the following organizations regardless of whether your concern is resolved to your satisfaction by Michigan Medicine:
    - **Michigan Department of Licensing and Regulatory Affairs (LARA), Bureau of Community and Health Systems**, P.O. Box 30664, Lansing, MI 48909, **800-882-6006 (toll-free).**
    - **Livanta, Medicare Quality of Care Complaints,** BFCC-QIO Program, 10820 Guilford Road, Suite 202 Annapolis Junction, MD 20701-1105, **Phone: 888-524-9900 [Region 5: OH, IN, IL, MI, MN, WI]**
    - **The Joint Commission – Office of Quality and Patient Safety**, One Renaissance Boulevard, Oakbrook Terrace, IL 60181, **Phone: 800-994-6610 (toll-free)**.

## بلنگ یا ادائیگی کرنے کی آپ کی اہلیت کے بارے میں تشویشات
## Concerns About Billing or Your Ability to Pay

- آپ اپنے بل پر درج سارے آئٹموں کے بارے میں ایک وضاحت طلب کر سکتے ہیں۔ اگر بلنگ، بیمہ، یا مالی اعانت کے بارے میں آپ کا کوئی سوال ہو تو، 855-855-0863 پر کال کریں۔
You can request an explanation about all items on your bill. If you have a question about billing, insurance, or financial assistance, call 855-855-0863.

## مریض کی حیثیت سے، آپ پر ذمہ داری ہے کہ:
## As a Patient, You Have the Responsibility to:

- مریض کی نگہداشت اور برتاؤ پر مشتمل اصولوں پر عمل کریں۔ اس میں Michigan Medicine میں ملاقات اور سگریٹ نوشی نہیں کرنے کی پالیسیاں شامل ہیں۔
Follow the rules involving patient care and conduct. These include Michigan Medicine visitation and no smoking policies.

- ہمیں مکمل اور درست طبی سرگزشت فراہم کریں۔ اس میں تجویز کردہ اور بغیر نسخے کے ملنے والی وہ ساری دوائیں شامل ہیں جو آپ لے رہے ہیں۔
Provide us with a complete and accurate medical history. This history includes all prescribed and over-the-counter medications you are taking.

- جو معالجے اور مداخلتیں آپ موصول کر رہے ہیں ان سبھی کے بارے میں ہمیں بتائیں۔
Tell us about all treatments and interventions you are receiving.

© 2023, The Regents of the University of Michigan.

- معالجہ کی انجام دہی میں آپ کے نگہداشت صحت فراہم کنندگان جو سفارشات اور مشورہ تجویز کرتے ہیں ان پر عمل کریں۔ اگر معالجہ سے آپ کا انکار ہمیں اخلاقی اور پیشہ ورانہ معیارات کے لحاظ سے مناسب نگہداشت فراہم کرنے سے روکتا ہے تو، ہمیں آپ کو معقول نوٹس دینے کے بعد آپ کے ساتھ ہمارا رشتہ ختم کرنا پڑ سکتا ہے۔

  Follow the suggestions and advice your health care providers prescribe in a course of treatment. If your refusal of treatment prevents us from providing appropriate care according to ethical and professional standards, we may need to end our relationship with you after giving you reasonable notice.

- قیمتی چیزیں گھر پر چھوڑیں اور ہسپتال میں قیام کے لیے صرف ضروری چیزیں لائیں۔ ہسپتال کسی گمشدہ یا مسروقہ قیمتی چیز کا ذمہ دار نہیں ہے۔

  Leave valuables at home and bring only necessary items for the hospital stay. The hospital is not responsible for any lost or stolen valuables.

- دوسرے مریضوں اور Michigan Medicine کے اہلکار اور پراپرٹی کے حقوق کا لحاظ رکھیں۔

  Be considerate of the rights of other patients and Michigan Medicine personnel and property.

- آپ کی نگہداشت صحت کے سلسلے میں آپ کو جو مشکلات درپیش ہو سکتی ہیں اور جن سے شاید ہم واقف نہ ہوں ان کے بارے میں معلومات فراہم کریں۔

  Provide information about difficulties you may have regarding your health care that we may not be aware of.

- ہمیں بتائیں کہ آیا آپ اپنی نگہداشت کے منصوبے کو اور جو کام آپ سے کرنے کو کہا گیا ہے انہیں واضح طور پر سمجھتے ہیں۔

  Tell us if you clearly understand your plan of care and the things you are asked to do.

- اپائنٹمنٹس طے کریں اور وقت پر پہنچیں۔ جب آپ طے شدہ اپائنٹمنٹ میں نہیں آ سکتے ہیں تو آپ کو پیشگی طور پر ہمیں کال کرنا ضروری ہے۔

  Make appointments and arrive on time. You must call in advance when you cannot keep a scheduled appointment.

- ہسپتالوں اور صحت مراکز کے ساتھ جس مالی جوابدہی پر اتفاق ہوا ہے اسے پورا کریں۔ اس میں آپ کی ادئیگی کے ذرائع اور آپ کے بل ادا کرنے کی اہلیت کے بارے میں ہمیں درست معلومات فراہم کرنا شامل ہے۔

  Meet any financial obligations agreed to with the hospitals and health centers. This includes providing us with correct information about your sources of payment and ability to pay your bill.

© 2023, The Regents of the University of Michigan.